[AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

Bill

to enact the Defense Forces of Pakistan Act, 2026

WHEREAS under Article 243 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, the Chief of the Army Staff is concurrently the Chief of the Defense Forces and as such, is the Commander of the Armed Forces;

WHEREAS it is expedient to make necessary provisions to give effect to the constitutional mandate and ensure multidomain integration, restructuring and optimum jointness of the Armed Forces; and

WHEREAS it is expedient to provide for the establishment of the Defense Forces Headquarters and powers and functions of the Chief of the Defense Forces, in the manner and for the purposes hereinafter appearing:

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.-** (1) This Act shall be called the Defense Forces of Pakistan Act, 2026.

(2) It shall come into force at once and shall be deemed to have taken effect from the thirteenth day of November two thousand and twenty-five.

2. **Act to override other laws.-** (1) The provisions of this Act, rules and regulations made, instructions, notifications and orders issued hereunder shall apply notwithstanding anything to the contrary contained in any other law, rules, regulations, instructions, notifications and orders and such laws, rules, regulation, instructions, notifications and orders shall, to the extent of any inconsistency, cease to have effect.

(2) Without prejudice to the generality of the foregoing, no provision of the Pakistan Army Act, 1952, the Pakistan Air Force Act, 1953, the Pakistan Navy Ordinance, 1967, the Cantonments Act, 1924 or any other law relating to the members of the Armed Forces shall be construed in a manner which is inconsistent with the provisions of this Act.

3. **Establishment of the Defense Forces Headquarters.-** (1) There shall be established a Defense Forces Headquarters, which shall be the headquarters of the Armed Forces.

(2) The Defense Forces Headquarters shall function under the command and authority of the Chief of the Defense Forces, who shall be the principal

military advisor to the Prime Minister on national security, defense and all matters relating to the Armed Forces.

(3) The Chief of the Defense Forces shall have the operational command and control of the Armed Forces, and shall be responsible to the Federal Government for all matters relating to such command and control.

4. **Powers and Functions of the Chief of Defense Forces.-** (1) The Chief of the Defense Forces shall exercise such powers and perform such functions as are necessary for multidomain integration, operational cohesion, coordination and oversight of all matters which have joint, tri-services and strategic implications for the Armed Forces and national security of Pakistan.

(2) The Chief of the Defense Forces may retire, release, accept or reject resignation of, or discharge from the service, or retain in service, or relax age or service limit of retirement of any person subject to the laws relating to the Armed Forces, but excluding those appointed under Article 243 of the Constitution.

(3) Without prejudice to the generality of the foregoing, the Chief of the Defense Forces may exercise such other powers and perform such other functions as the Federal Government may prescribe.

5. **Power to make rules and regulations.-** The Federal Government may, from time to time, make rules and regulations for the purposes of carrying into effect the provisions of this Act.

6. **Power to issue instructions etc.-** The Chief of the Defense Forces may, from time to time, issue instructions and orders for carrying into effect the provisions of this Act and the rules and regulations made hereunder.

7. **Removal of difficulties.-** If any difficulty arises in giving effect to the provisions of this Act and to remove any inconsistency between this Act and any other law, for the time being in force, the President may, by an order, remove such difficulty.

8. **Savings.-** Any rules, regulations, instructions, notifications, orders already made or issued or actions taken prior to the commencement of this Act, so far as they are not inconsistent with the provisions of this Act, shall be deemed to have been validly made, issued or taken and shall take effect from the thirteenth day of November two thousand and twenty-five.

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

Pakistan's response to Indian unprovoked aggression was a textbook demonstration of integrated tri-services jointness, enabled by real-time situational awareness, network centric warfare capabilities, and seamless multi-domain operations. This synergy across, land, sea, and cyber domains allowed for precision engagements, overwhelming lethality, and lightning operational tempo.

2. The resilient armed forces of Pakistan carried out most effective counter terrorism operations in the western region without any pause simultaneously with the conduct of operation *Bunyan ul Marsoos* .

3. Marka-e-Haq has been a great example of synergy between all elements of National power, with overwhelming support of the Pakistani public, to effectively counter the threats of our national sovereignty and territorial integrity.

4. As a result, Defence Forces Headquarter shall be the headquarter of the Armed Forces and shall function under the command and authority of the Chief of Defence Forces, who shall be the principal military advisor to the Prime Minister on national security, Defence and all matters relating to armed forces.

5. This Bill has been designed to achieve the aforesaid objective.

Minister In-charge

<u>پاکستان دفاعی افواج ایکٹ، ۲۰۲۶ء کا قانون وضع کرنے</u>

<u>کا بل</u>

ہر گاہ کہ اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کے آرٹیکل ۲۴۳ کے تحت چیف آف آرمی اسٹاف جو اس وقت چیف آف ڈیفنس فورسز بھی ہیں اوراس طرح مسلح افواج کے کمانڈر ہیں؛

اور چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ آئینی منشاء کو عملی جامہ پہنانے اور کثیر الجہتی انضمام، مسلح افواج کی تشکیل نو اوربہترین مشترکہ آپریشنل صلاحیت کو یقینی بنانے کے لیے ضروری احکامات وضع کئے جائیں؛ اور

اور چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ ڈیفنس فورسز ہیڈکوارٹرز کے قیام اور چیف آف دی ڈیفنس فورسز کے اختیارات اور کارہائے منصبی کے لیے ایسے طریقہ کار میں اور بعدازیں ظاہر ہونے والے اغراض کے لیے اہتمام کیا جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **<u>مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔</u>** (۱) یہ ایکٹ پاکستان دفاعی افواج ایکٹ، ۲۰۲۶ء کہلائے گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا اور یہ تیرہ نومبر دو ہزار پچیس سے موثر بہ العمل سمجھا جائے گا۔

۲۔ **<u>ایکٹ دیگر قوانین پر غالب ہوگا:۔</u>** (۱) اس ایکٹ کے احکامات، وضع کردہ قواعد وضوابط اوراس کے تحت جاری کردہ ہدایات، اوراس کے تحت جاری کردی احکامات، اعلامیے اور دیگر کسی بھی قانون، قواعد وضوابط، ہدایات، اعلامیوں یا احکامات کے برعکس ہونے کے باوجود نافذ العمل رہیں گے، اور مذکورہ قوانین، قواعد، ضابطہ، ہدایات، اعلامیے اور احکامات اس حد تک غیر موثر ہو جائیں گے جہاں تک وہ اس کے منافی ہوں۔

(۲) متذکرہ بالا کی عمومیت کو مضرت پہنچائے بغیر، افواج پاکستان ایکٹ، ۱۹۵۲ء، پاکستان فضائیہ ایکٹ، ۱۹۵۳ء، بحری افواج پاکستان آرڈیننس، ۱۹۶۷ء، کنٹونمنٹس ایکٹ ۱۹۲۴ء یا دیگر کوئی قانون جو مسلح افواج کے اراکین سے متعلق ہو ایسے طریقہ کار میں تعبیر نہیں کیا جائے گا جو اس ایکٹ کے احکامات کے منافی ہو۔

۳۔ **<u>دفاعی افواج کے ہیڈکواٹر کا قیام:۔</u>** (۱) دفاعی افواج کا ایک ہیڈکواٹر قائم کیا جائے گا جو مسلح افواج کا ہیڈکواٹر ہوگا۔

(۲) دفاعی افواج کا ہیڈکواٹر، چیف آف ڈیفنس فورسز کی کمان اوراختیار کے تحت کارہائے منصبی انجام دے گا، جو قومی سلامتی، دفاع اور مسلح افواج سے متعلق تمام اُمور کے بارے میں وزیراعظم کا اعلیٰ فوجی مشیر ہوگا۔

CS CamScanner

(۳) چیف آف ڈیفنس فورسز کو مسلح افواج کی عملی کمانڈ اور کنٹرول کا اختیار حاصل ہوگا، اور وہ مذکورہ کمانڈ اور کنٹرول کے ضمن میں متعلق جملہ اُمور کے لیے وفاقی حکومت کو جوابدہ ہوگا۔

۴۔ **چیف آف ڈیفنس فورسز کے اختیارات اور کارہائے منصبی:۔** (۱) چیف آف ڈیفنس فورسز ایسے اختیارات استعمال کرے گا اور ایسے کارہائے منصبی انجام دے گا جو کثیر الجہتی انضمام، عملی آہنگی، رابطہ کاری اور ان تمام اُمور جو مشترکہ ہیں کی نگرانی کے لیے ضروری ہوں، جس میں مسلح افواج اور پاکستان کی قومی سلامتی تینوں افواج کے لیے اور تزویراتی مضمرات ہوں۔

(۲) چیف آف ڈیفنس فورسز، مسلح افواج سے متعلق قوانین کے مطابق کسی شخص، جو آئین کے آرٹیکل ۲۴۳ کے تحت تقرر کردہ اشخاص کے علاوہ ہو، کو ملازمت سے ریٹائر، فارغ یا سبکدوش کر سکے گا، یا اس کے استعفیٰ کو منظور یا اس کو مسترد کر سکے گا، یا اس کو ملازمت میں برقرار رکھ سکے گا، یا کسی شخص کی ریٹائرمنٹ کی عمر یا ملازمت کی مدت کی حد میں کمی کر سکے گا۔

(۳) مذکورہ بالا اختیارات کی عمومیت سے متناقص ہوئے بغیر، چیف آف ڈیفنس فورسز ایسے دیگر اختیارات استعمال کر سکے گا اور ایسے دیگر فرائض منصبی انجام دے سکے گا جیسا کہ وفاقی حکومت صراحت کرے۔

۵۔ **قواعد وضوابط وضع کرنے کا اختیار:۔** وفاقی حکومت، وقتاً فوقتاً، اس ایکٹ کے احکامات کو موثر بنانے کی غرض کے لیے قواعد وضوابط وضع کر سکے گی۔

۶۔ **ہدایات وغیرہ صادر کرنے کا اختیار:۔** چیف آف ڈیفنس فورسز، وقتاً فوقتاً، اس ایکٹ کے احکامات اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد وضوابط کو موثر بننے کے لیے ہدایات اور احکامات صادر کر سکے گا۔

۷۔ **ازالہ مشکلات:۔** اگر اس ایکٹ کے احکامات کو موثر بنانے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دوسرے قانون اور اس ایکٹ کے درمیان کوئی عدم مطابقت ختم کرنی ضروری ہو تو صدر مملکت حکم کے ذریعے ایسی مشکل کا ازالہ کر سکے گا۔

۸۔ **استثناء:۔** اس ایکٹ کے نفاذ سے قبل وضع کیئے گئے یا جاری کیئے گئے کوئی بھی قواعد، ضوابط، ہدایات، اعلامیے، احکامات، جہاں تک وہ اس ایکٹ کے احکامات سے متناقص نہ ہوں وہ، بدستور نافذ العمل رہیں گے، وہ قانونی طور پر وضع، جاری یا لیے گئے متصور ہوں گے اور ۱۳ نومبر ۲۰۲۵ء سے موثر ہوں گے۔

CS CamScanner